© rasailojaraid.com



تھی۔ کتاب کا بنیادی مسئلہ گویا یہ ہے کہ صحابہ کرام کی بعض حکومتوں میں مبیّنہ تبدیلیوں کا سبب صرف ملوکیت نہیں تھی اور نہ ملوکیت مطلقاً گردن زدنی چیز ہے۔ یہ مسئلہ اہلِ علم کے مزید غور و فکر کا مستحق ہے۔ کاش! پورے اسلام کو جمہوریت کے دائرہ میں محصور کرنے والے حضرات اپنے ملک میں جمہوریت ہی کے پیدا کردہ حالیہ ثمرات اور نتائج کو دیکھ کر اپنے موقف پر کچھ نظرِ ثانی کر سکیں۔ کہ یہ سب کچھ تو جمہوریت کی کرم فرمائی ہے — ع باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تست — کتاب کے آغاز میں تعدیلِ صحابہ پر مولانا محمد یوسف بنوری مدظلہٗ کا مقالہ بھی شامل ہے، امید ہے کہ فاضل مؤلف کی محنت اور اس دینی وعلمی کد و کاوش کا علمی حلقوں میں گرمجوشی سے خیر مقدم کیا جائے گا۔

**AFRICA THE MUSLIM CONTINENT** از جناب انعام اللہ خاں صاحب جنرل سیکرٹری مؤتمر عالم اسلامی پوسٹ بکس ۵۰۳۰ کراچی نمبر۲۔ انگریزی زبان کے اس مختصر کتابچہ میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ افریقہ صرف مسلمانوں کا برّاعظم ہے اور وہاں عیسائیت کا اکثریت میں ہونا عیسائیوں کا پروپیگنڈہ ہے اور آبادی وغیرہ کے لحاظ سے افریقہ عیسائیوں کا نہیں، مسلمانوں کا برّاعظم کہلا سکتا ہے۔ اس کتابچہ سے مسلمانوں کو افریقہ کے بارے میں صحیح علم حاصل ہوگا — کیا اچھا ہوتا اگر مؤتمر عالم اسلامی یا اس طرح کوئی دوسرا اہم ادارہ اسلامی ممالک کے تعاون سے پوری دنیا کی مسلم آبادی کے بارے میں آزادانہ تحقیق کر کے مسلمانوں کے صحیح اعداد و شمار مہیّا کر سکتا۔ اس طرح یورپ کے مہیا کردہ اعداد و شمار کا وہ تاثر ختم ہو جاتا کہ آبادی کے لحاظ سے مسلمان دنیا کی دوسری قوم ہے۔ مدّت ہوئی ایک مسلمان رہنما امیر شکیب ارسلان نے اپنے طور پر کسی حد تک یہ کام کیا، مگر اب تو وسائل، ذرائع، اسلامی ممالک کی آزادی — اور آبادی میں اضافہ کے لحاظ سے یہ کام بہت ضروری ہو گیا ہے۔

**تبلیغی رسائل - بیت التوحید** (۱) مسخروں کی محفل یا کادیانی انبیاء۔ صفحات ۲۷، قیمت ۶۰ پیسے۔ (۲) حکومت مغربی پاکستان کے پانچ سوال اور ان کا جواب صفحات ۴۲، قیمت ۶۰ پیسے۔ (۳) عبرتناک موت، صفحات ۱۶۔ (۴) مرزائی دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ از جناب محمد اکبر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج راولپنڈی صفحات ۳۹، قیمت ۶۰ پیسے۔ (۵) تفہیم النبوۃ از جناب ابوالخیر اسدی، صفحات ۴۸، قیمت ۷۵ پیسے۔ پانچوں رسائل قادیانیت کی تردید اور مسئلہ ختم نبوت کی تحقیق کے سلسلہ میں ہیں۔ ناشر کتب فرزند توحید صاحب ایسے عام فہم تبلیغی لٹریچر پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ یہ تمام رسائل بیت التوحید ۱۳/۷ اے آصف کالونی کراچی ۱۶ سے طلب کی جا سکتی ہیں۔

■■

* بڑے مسلمان کے پہلے ایڈیشن پر تبصرہ پچھلے ماہ آچکا ہے۔ اب دوسرا ایڈیشن اضافوں کے ساتھ آچکا ہے۔ جس کی قیمت -/۳۰ روپے ہے۔



© rasailojaraid.com